Text of Morning Urdu News Bulletin

Time 09:25 AM

Dated: 23 July 2026

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجازہ اختر

PM

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہاہے کہ تمام اصلاحات کے دوران عام شہریوں کی بہبودی کی طر ف توجہ مرکوز کی جانی چاہئے اور حکمرانی اقدامات کو لوگوں کی ضروریات کے مطابق عملایا جانا چاہئے۔انہوں نے مزید کہا کہ اصلاحات کی بدولت نہ صرف حکومت کے کام کاج میں بہتری آنی چاہئے بلکہ ملک کو ترقی یافتہ بنانے کے سفر کو بھی دوام حاصل ہونا چاہئے۔ان باتوں کا اظہار وزیر اعظم نے نئی دلی میں وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کے تناظر میں دیہی ترقی ، زراعت ، سماجی بہبود اور دیگر منسلک سیکٹروں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کی غرض سے سیکرٹریوں کی ایک میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقعے پر وزیر اعظم نے حکمرانی کے عمل میننئے تقاضوں کے مطابق جدیدیت لانے کی ضرورت پرزوردیا۔

روٹریLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے روٹری کلب آف کشمیر کی حلف برداری تقریب میں شرکت کرکے عوامی بہبود کے تئیں روٹری کلب کی مخلصانہ اور بے لوث خدمات کو اجاگر کیا۔انہوں نے کہا کہ روٹری گذشتہ سو سالوں سے عوامی بہبود کیلئے ایک عالمی قوت کے طور ملک بھر میں ہزاروں کلبوں کے ذریعے مثبت تبدیلی کا باعث بنا ہے۔منشیات سے پاک جموں وکشمیر کیلئے سو روزہ مہم کی کامیابی کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ کشمیر روٹری کلب بھی اس عوامی مہم میں ایک اعلیٰ کردار ادا کرے گا۔تقریب میں اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈٹیکنالوجی کے وائس چانسلرپروفیسرشکیل احمد روم شو ، سکاسٹ کشمیر کے وائس چانسلرپروفیسر نذیر احمد گنائی،ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو کے علاوہ کئی دیگر اعلیٰ افسران موجود تھے۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے جموں وکشمیر کے سیلاب زدہ علاقوں میں پیدا شدہ صورتحال کا جائزہ لیا۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ انہوں نے سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ضلع انتظامیہ ، SDRF،NDRF ، صحت ، فوج ، جموں وکشمیر پولیس، اور جل شکتی محکموں کی طرف سے جاری امدادی کوششوں کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ایل جی نے متعلقہ محکموں کو PWD ہدایت دی ہے کہ وہ افرادی قوت اور مشینری کو حساس علاقونمیں تعینا ت کریں۔منوج سنہانے رام بن علاقے میں پتھر گرآنے کی وجہ سے دو افراد کے ازجان ہونے پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے سوگواران کے ساتھ تعزیت کی ہے۔انہوں نے اس حادثے میں زخمی ہوئے افراد کی جلد صحتیابی کیلئے دعاکی۔

عمر عبداللہ

وزیراعلیٰ عمرعبداللہ نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جموں وکشمیر بھر میں لگاتار بارشوں اور سیلاب سے پیداشدہ صورتحال کے بعد بحالیاتی کاموں، ریلیف اقدامات اور مختلف محکموں کی تیاریونکا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ نے متعلقہ محکموں کو ہدایات دیں کہ وہ انتہائی تیاری کی حالت میںرہیں، تاکہ پیداشدہ صورتحال کا آسانی سے مقابلہ کیا جاسکے۔انہوں نے سیلاب سے نمٹنے کیلئے طویل مدتی اقدامات اختیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیراعلیٰ نے جموں اور کشمیر کے ڈویژنل کمشنروں کو ہدایت دی کہ وہ سیلاب سے زیادہ متاثرہ ضلعوں کا دورہ کرکے زمینی صورتحال کا جائزہ لیں۔

سکینہ ایتو

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے مسلسل بارشوں سے پیدا شدہ صورتحال کے پیش نظر گورنمنٹ میڈیکل کالج اننت ناگ اور اس سے منسلک اسپتال کا دورہ کرکے وہاں پر کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے کئے جارہے انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے ضروری ادویات ، بجلی کے متبادل انتظام، آکسیجن کی فراہمی ،ایمبولینس سروس اور دیگر طبی سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے پونچھ کا دورہ کرکے وہاں پیدا شدہ سیلابی صورتحال کا جائزہ لیا۔ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ کسی بھی ہنگامی صورتحال کا مقابلہ کرنے کیلئے چوکس رہیں اور بچاؤ کاروائیوں میں سرعت لائیں تاکہ عوامی جان ومال کی حفاظت کو یقینی بنایا جاسکے۔انہوں نے سیلاب کی زد میں آکر از جان ہوئے افراد کے لواحقین کے ساتھ تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کیا۔اس موقعے پر خوراک و امورصارفین کے وزیر ستیش شرما کے علاوہ دیگر کئی لیڈران بھی موجود تھے۔

بارش

شہرسرینگر سمیت وادی کے دیگر قصبہ جات میں اس وقت مطلع ابر آلود ہے اور رات بھر وقفے وقفے سے بارشیں ہونے کے بعد اس وقت بھی بارشوں کا سلسلہ رک رُک کر جاری ہے۔محکمہ موسمیات نے آج سہ پہر کے بعد موسم میں بہتری آنے کی پیش گوئی ہے۔ناساز گار موسم کی وجہ سے سرینگر جموں قومی شاہراہ پر متعدد جگہوںپر پسیاں اور پتھر گر آئے ہیں اور شاہراہ پر آج دوسرے دن بھی گاڑیوں کی آواجائی معطل ہے۔ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے ٹریفک حکام کے حوالے سے خبر دی ہے کہ شاہراہ کو قابل آمدورفت بنانے کیلئے کوششیں جاری ہیں۔دریں اثناءبارشوں کی وجہ سے سالانہ شری امرناتھ جی یاتراآج پانچویں روز بھی معطل رکھی گئی ہے اور جموں سے کسی بھی یاتری کو وادی کی طرف آنے کی اجازت نہیں دی گئی ۔

براڈ کاسٹنگ ڈے

آج نشریات کا قومی دن ہے۔آج ہی کے دن 1927میں ملک میں ریڈیو کی نشریات کا آغاز ہوا تھا۔نشریات کی شروعات ممبئی سٹیشن سے ایک نجی براڈکاسٹنگ کمپنی کے ذریعے ہوئی تھی۔اس دن کی مناسبت سے کئی تقاریب کا اہتمام کیا جارہاہے جن میں سماج میں مثبت تبدیلی لانے میں ریڈیو براڈکاسٹنگ کے اہم رول کو اجاگر کیا جارہاہے۔

اطلاع

جموں وکشمیر بورڈ آف سکول ایجوکیشن نے آج لئے جانے والے گیارہویں جماعت کے سالانہ انیول اور بائی انیول امتحانات ملتوی کئے ہیں۔اس سلسلے میں نئی تاریخوں کا اعلان الگ سے کیا جائے گا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت17 اعشاریہ 5 ڈگری سیلشیس ،جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبرں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔اجازت دیجئے خداحافظ۔